PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

Office No.091-9210489-1222
Fax No. 091-9210258

ADJOURNMENT MOTION

Session	**21th**
Notice No.	**416**
Received Dated	**21/03/2022**
Department	**Health**
Admitted	**01-4-2022**

منجانب: محترمہ حمیرا خاتون ، جناب سراج الدین، جناب عنایت اللہ، ایم پی اے

میں صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا قواعد انضباط مجریہ 1988ء کے قاعدہ 69 کے تحت اس معزز ایوان میں ایک انتہائی اہم اور فوری عوامی نوعیت کے مسئلہ سے متعلق تحریک التواء پیش کرتا ہوں جو ادویات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ سے عوام کو درپیش مشکلات سے متعلق ہے۔ ملک بھر میں مہنگائی کے ہاتھوں عوام بالخصوص خط غربت کے نیچے کسمپرسی کی زندگی گزارنے والے تقریباً 50 فیصد عوام بڑی مشکل سے دو وقت کی روٹی کے لیے سرگرداں ہیں۔ جبکہ اس دوران ادویات کی قیمتوں میں تسلسل اضافہ سے عوام کی مشکلات میں دگنا اضافہ ہوا ہے کیونکہ ملک بھر میں شوگر، بلڈ پریشر، امراض قلب اور دیگر درجنوں ایسی بیماریوں میں مبتلا مریضوں کی بڑی تعداد موجود ہیں جنہیں روزانہ کی بنیاد پر ادویات کی ضرورت ہوتی ہے۔ لہذا ان حالات میں اس معزز ایوان میں معمول کی کاروائی کو روک کر اس انتہائی اہم عوامی مسئلے کو زیر بحث لانے کے لیے اس تحریک التواء کو بحث کے لیے منظور کیا جائے تاکہ اصل حقائق قوم کے سامنے لائے جاسکے اور عوام کو ریلیف کی فراہمی سمیت ادویات کی قیمتوں میں اضافہ سے جنم لینے والی تشویش کا سدباب ممکن ہوسکے۔